# روزوں کے ایام2018کے لیے پاسبانی خط

**مسیح میں میرے عزیز ہم خدمت بھائیو اور بھائیو اور بہنو!**

ہم ایسے دَور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں ہم اپنے خُداوند کے مِشن کے ایک اِنتہائی اہم حصہ کی یادگاری کرتے ہیں۔ اِنسانیت کے لئے ایک نیا راستہ اپنانے اور اپنی روزمرّہ زِندگی کی بے شمار خُدا دُشمن آزمائشوں کے مقابلہ میں فتح مند ہونے کے لئے اضافی کوشش کرنا۔ اگر جنگ نہیں تو فتح بھی نہیں۔ بائبل میں شروع ہی سے یہ پشینگوئی (نبوت) کی گئی ہے کہ بحیثیت اِنسان خُداوند یسُوع مسیح کے مشن کو بادشاہت اور اَبدی زِندگی کی بحالی کے لئے خُدا کے وعدہ کی خاطر کیسی کیسی مُشکلات سے گزر کر کامیابی حاصل کرنا ہوگی۔ اس کو خُدا اور مُوسیٰ کی شریعت کو سو فی صد پورا کرنا تھا تاکہ سزاؤں کا خاتمہ ہو جائے اور ان کی جگہ فضل اور راست بازی لے لیں۔

متی 17:5 آیت:

''یہ نہ سمجھو کہ مَیں توریت یا نبیوں کی کتابوں کومنسُوخ کرنے آیا ہوں۔منسُوخ کرنے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔''

اور آگے چل کر رومیوں 14:6 آیت:

''اس لئے کہ گُناہ کا تم پر اِختیار نہ ہو گا کیونکہ تم شریعت کے ماتحت نہیں بلکہ فضل کے ماتحت ہو۔''

دنیا خُدا کے دُشمنوں گُناہ، جہنم اور موت کی اسیر تھی اور خُداوند کو اس اسیری سے نکالنے کے لئے کوئی راستہ (طریقہ) ڈھونڈنا تھا۔

زبورنویس فتح مندی کی اُمید کی نبوت (پشینگوئی) کرتا ہے۔

زبور 19-18:68 آیت:

''تُو نے عالمِ بالا کوصعود فرمایا۔تُو قیدیوں کو ساتھ لے گیا۔
تجھے لوگوں سے بلکہ سرکشوں سے بھی ہدیئے ملے
تاکہ خُداوند خُدا ان کے ساتھ رہے۔

خُداوند مُبارک ہو جو ہر روز ہمارا بوجھ اُٹھاتا ہے۔
وہی ہمارا نجات دینے والا خُدا ہے۔
ہم اپنے خُداوند کی فتح مندی کا جشن مناتے ہیں جس نے گُناہ کو سب اِیمان داروں کے لئے ایک بڑی قوت، راست بازی کا اسیر بنا دیا۔
امثال 2:10 آیت:
''شرارت کے خزانے عبث ہیں لیکن صداقت موت سے چھڑاتی ہے۔''
نسل انسانی میں راست بازی اپنانے کی کوئی اُمید نہیں۔
یسعیاہ 6:64 آیت

''اور ہم تو سب کے سب ایسے ہیں جیسے ناپاک چیز اور ہماری تمام راست بازی ناپاک لباس کی مانند ہے اور ہم سب پتّے کی طرح کملا جاتے ہیں اور ہماری بدکرداری آندھی کی مانند ہم کو اُڑا لے جاتی ہے۔''

دانی ایل نبی کی معرفت دُنیا کو اُمید دِلائی گئی تھی۔
دانی ایل 24:9 آیت:

''تیرے لوگوں اور تیرے مقدس شہر کے لئے ستر ہفتے مقرر کئے گئے کہ خطاکاری اور گُناہ کا خاتمہ ہو جائے۔ بدکرداری کا کفارہ دیا جائے۔ اَبدی راست بازی قائم ہو۔ رویا و نبوت پر مہر ہو اور پاک ترین مقام ممسُوح کیا جائے۔''

یہ نبوت ازخود پوری ہوگئی جب یسُوع نے اس وقت کی شریعت کو پورا کر دیا۔ دُنیا اور جسم کی تمام تر آزمائشوں کا مقابلہ کیا پھر یوحنا بپتسمہ دینے والا آیا تاکہ اسے مسح کرے اور وہ مسیح بن جائے اور سب سے بڑی جنگ کا سامنا کیا جسے نسل اِنسانی اچھی طرح جانتی ہے یعنی چالیس دِن اور چالیس رات براہِ راست شیطان کی آزمائشوں کا سامنا رہا۔
متی 17-14:3 آیت:

''مگر یوحنا یہ کہہ کر اُسے منع کرنے لگا کہ مَیں آپ تجھ سے بپتسمہ لینے کا محتاج ہوں اور تُو میرے پاس آیا ہے؟۔ یسُوع نے جواب میں اُس سے کہا اب تُو ہونے ہی دے کیونکہ ہمیں اسی طرح ساری راست بازی پوری کرنا مناسب ہے۔ اس پر اس نے ہونے دیا۔ اور یسُوع بپتسمہ لے کر فی الفور پانی کے پاس سے اُوپر گیا اور دیکھو

اُس کے لئے آسمان کھُل گیا اور اُس نے خُدا کے رُوح کو کبُوتر کی مانند اُترتے اور
اپنے اُوپر آتے دیکھا۔ اور دیکھو آسمان سے یہ آواز آئی کہ یہ میرا پیارا بیٹا ہے جس
سے مَیں خوش ہوں۔''

اب مسیح کو بحیثیت اِنسان، شیطان سے بھی کہیں زیادہ طاقت یعنی رُوح القدس کے ساتھ مسح کیا گیا تھا۔ بائبل میں چالیس دِن اور چالیس رات تمام تر مشہور گُناہوں کی آزمائشوں کا ذِکر ملتا ہے اور ان کے دفاعی اِقدام کو مختصراً بیان کیا گیا ہے جو آج بھی ہم لے سکتے ہیں۔ ہمیں خُدا کے کلام سے زِندہ رہنا چاہیے۔ ہمیں اپنے خُداوند خُدا کو آزمانا نہیں چاہیے۔ ہمیں صرف اپنے خُداوند خُدا کی پرستش اور خدمت کرنی چاہیے۔

یسُوع مسیح نے اپنی راست بازی کے سبب فتح پائی۔ ہم جو موجودہ دَور میں اس برکت کو حاصل کرنے والے ہیں۔

زبور 17:103 آیت:

''لیکن خُداوند کی شفقت اُس سے ڈرنے والوں پر اَزل سے ابد تک
اور اُس کی صداقت نسل در نسل ہے۔''

ہمیں رُوح القدس کو بھی پُکارنا چاہیے جس نے ہمیں بھی مسح کیا ہے (جس کا ہمیں مسح ملا ہے) تاکہ ہم اپنی زِندگیوں کی آزمائشوں پر غالب آنے کے لئے اِضافی محنت کریں اور مسیح کی بُلاہٹ کا جواب دیں۔ یوحنا 28:19 آیت:
''............مَیں پیاسا ہوں۔''

ہمیں خبردار رہنا چاہیے کہ یہ گُناہ اِختیارات کے گُناہ بھی ہو سکتے ہیں (خُدا کے کاموں سے سے بلاواسطہ تصادم) یا فرائض (شرائط) کے گُناہ بھی۔ (جب ہم نیکی کے کام سے تجاوز کرتے ہیں) بارآور ہونے کے لئے جنگ کرتے وقت ہمیں اپنے خُداوند کی تعلیم کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔

یوحنا 4:15 آیت:

''تم مجھ میں قائم رہو اور مَیں تم میں۔ جس طرح ڈالی اگر انگُور کے درخت میں قائم
نہ رہے تو اپنے آپ سے پھل نہیں لا سکتی اُسی طرح تم بھی اگر مجھ میں قائم نہ رہو تو
پھل نہیں لا سکتے۔''

اُس نے ہمیں فتح حاصل کرنے کے لئے انجام اور فرائض (شرائط) سے بھی آگاہ کیا ہے۔

2 آیت: ''جو ڈالی مجھ میں ہے اور پھل نہیں لاتی اُسے وہ کاٹ ڈالتا ہے اور جو پھل لاتی ہے اسے چھانٹا ہے تاکہ زیادہ پھل لائے۔'' یہ چھانٹی ہر اِتوار ہدیہ کی دُعا کے دوران ہوتی ہے۔ ہدیہ کی دعا کے دوران میں مسیح کی قربانی سے۔ ہم

کچھ زمینی چیزیں خُدا کے اِستعمال کے لئے اُس کی نظر میں مقبول ٹھہرنے کے لئے اُس کے منصوبہ کی تکمیل کی خاطر لے جاتے ہیں۔ہمیں چھانٹی کے لئے زیادہ پھل لانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ہمیں یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ ہم خُدا کے فضل کو اپنی کوششوں سے کبھی حاصل نہیں کر سکتے۔

طیطس 3:5-6 آیت:

''تو اُس نے ہم کو نجات دی مگر راست بازی کے کاموں کے سبب سے نہیں جو ہم نے خود کئے بلکہ اپنی رحمت کے مطابق نئی پیدائش کے غُسل اور رُوح القدس کے ہمیں نیا بنانے کے وسیلہ سے۔ جسے اُس نے ہمارے منجی یسُوع مسیح کی معرفت ہم پر اِفراط سے نازل کیا۔''

اس عرصہ کے دوران (اس وقت) آیئے ہم رُوح القدس کی عطا کردہ نئی پیدائش سے کام لیں جس کو ہم بڑی سنجیدگی (اِیمان داری) سے مسیح کے بدن اور خون میں شریک ہو کر لیتے ہیں (حاصل کرتے ہیں)۔ اپنی زِندگیوں کا جائزہ لیں اور خُدا دُشمن چیزوں کی آزمائشوں پر غالب آئیں خواہ وہ سوچ کی یا قول وفعل کی ہوں۔ اُن کی جگہ نیک کاموں کو دیں۔

اِفسیوں 5:9-10 آیت:

''(اس لئے کہ نور کا پھل ہر طرح کی نیکی اور راست بازی اورسچائی ہے۔) اور تجربہ سے معلوم کرتے رہو کہ خُداوند کو کیا پسند ہے۔''

مُکاشفہ 2-3 ابواب میں سات کلیسیاؤں کے سامنے کئے گئے ہمارے خُداوند کے وعدوں میں ایک خاص وعدہ ان کے لئے ہے جو اس زِندگی میں غالب آ سکتے ہیں۔ جیسے ہی ہم مُبارک جمعہ اور عید قیامت المسیح تک پہنچتے ہیں جب ہمارے خُداوند نے خُدا کے دیگر دُشمنوں، جہنم اور موت کو اسیر بنا کر اپنے مشن کی تکمیل کی تو آیئے ہم شہر اور ہیکل میں اس کے داخل ہونے کے واقعہ کو یاد کریں جہاں اس نے ہیکل کو پاک کیا تھا۔۔

ہمیں چاہیے کہ اسے ان تہواروں کے لئے رُوحانی ہیکل کو صاف کرنے کا موقعہ دیں۔

ہم اپاسٹل آپ سب کو روزوں کے ایّام میں اِیمان کو زیادہ سے زیادہ قوت (مضبوطی) اور فتح کی دُعا دیتے ہیں۔

اپاسٹل ڈارگش اور میری طرف سے سلام

آپ کا بھائی اور مسیح کا اپاسٹل

کلف فلور